محبت

عامر ثقلین

6 اگست 2022

پیار و محبت ایک احساس ہے اور اس کا حاصل محبوب یا محبوب کی رضا کا حصول ہوتا ہے.. خواہ عشق حقیقی ہو یا عشق مجازی.. اور پیار میں اپنا محبوب ہی دنیا کا انمول و نایاب و حسین و جمیل انسان ہوتا ہے..

1- محبت دل کی خوشی کا باعث ہے

2- محبت دل کی تسکین کا باعث ہے

3- محبت میں راحت و سکون, محنت و مشقت, عقیدہ و عمل, شجاعت و جسارت, حوصلہ و صبر, امن و معافی, بھائی چارہ و مساوات, حقوق و فرائض کا احساس, صداقت و عفوو درگزر, احسان و بھلائی ہے.

4- پیار زندگی کا مقصد ہے

5- پیار احساس مروت ہے

6- پیار سے رشتے قائم رہتے ہیں

7- پیار دلوں کا سمجھوتہ ہے

8- پیار رشتوں کی وفا کا نام ہے

9- پیار کا احساس سجی ہوئی دلہن کی زینت سے بھی خوبصورت ہے

10- پیار ہر پل چلتی ہوئی سانسوں کا مجموعہ ہے

11- پیار پھولوں کی عنبر سے بھی زیادہ دل کو کشش کرتا ہے اور انسان
اس میں ڈوب جاتا ہے

12- پیار دل کا وہ احساس ہے. جس سے دل میں ہمیشہ تڑپ رہتی ہے

13- پیار دل کے مسلسل انتظار کا احساس ہے

14- پیار کسی کی کمی محسوس ہونے کا نام ہے

15- پیار تنہائی کے احساس کا نام ہے

16- پیار خوشی میں بھرے موتیوں کے جیسے نگاہوں سے گرتے ہوئے
قطرے. جس میں دل کے جذبات بھرے ہوں, کے احساس کا نام ہے..

17- پیار میں جدائی ہوتی ہے اور جدائی میں درد اور اس درد میں غم اور غم
میں بہتے اشکوں سے ملنے والے چین و قرار کا نام ہے..

18- پیار دل کے دھڑکنے کا نام ہے

19- پیار خود کو محبوب میں محو کر دینے کا احساس ہے

20- پیار محبوب کے سامنے ہار کا نام ہے

21- پیار خود کو مٹانے کا نام ہے

22- پیار اک دوسرے کو جاننے کا نام ہے

23- پیار شبِ بیداری ہے

24- پیار غم خواری ہے

25- پیار یقین کا نام ہے

26- پیار بھروسہ ہے

27- پیار امید ہے

28- پیار ہی آواز ہے

29- پیار ہی خاموشی ہے

30- پیار قربت ہے

31-پیار میں دوری ہے

32-پیار میں آزادی ہے

33-پیار میں ہی قید ہے

34-پیار ہی ساز ہے

35-پیار ہی ترنم

36-پیار ہی شبنم ہے اور پیار ہی شبنم کے گلوں کا بوسہ..

37-پیار میں بے ساختہ ذکر محبوب لبوں پر آجاتا ہے

38-پیار ہی شام تنہائی ہے

39-پیار ہی آغاز صبح ہے

40-پیار ہی حیات و ممات ہے

41- پیار سے ہی دل زندہ رہتا ہے

42- پیار کا احساس ہی ابتدا و انتہائے انسان ہے

43- پیار ہی باعث تخلیق کائنات ہے

44- پیار ہی زہر ہے

45- پیار ہی اس کا تریاق

46- پیار ہی اطاعت ہے

47- پیار ہی بندگی ہے

48- پیار ہی روح کی غذا ہے

49- پیار ہی عمل ہے

50- پیار ہی میں انسان محو سفر ہے

51- پیار میں ہی پیغام ہے

52- پیار کی الگ زبان ہے

53- پیار کی الگ کہانیاں ہیں

54- پیار کا اک الگ جہاں ہے

55- پیار میں ہی انسان انجان ہے

56- پیار انسان کی رگوں میں خون سے بھی جلد گردش کرتے ہوئے چلتا ہے

57- پیار میں ہی شرم وحیا ہے

58- پیار میں ہی انا ہے

59- پیار خود غرض ہے

60- پیار ہی مرض ہے

61- پیار ہی شفاء ہے

62- پیار ہی قوت ہے

63- پیار ہی کمزوری

64- پیار میں آزمائش ہے

65- پیار میں ہی سزا ہے

66- پیار میں ہی جزا ہے

67- پیار ہی جنون ہے

68- پیار ہی جلنا ہے

69- پیار میں ہی بجھنا ہے

70- پیار ہی لاخوف ہے

71- پیار میں ہی خوف ہے

72- پیار لامکیں ہے

73- پیار لامکاں ہے

74- پیار لازماں ہے

75- پیار کا تابع وقت ہے

76- پیار ہی جستجو ہے

77- پیار ہی منزل ہے

78- پیار ہی دعا ہے

79- پیار ہی دوا ہے

80- پیار میں پکار ہے

81- پیار ہی دل جوڑتا ہے

82- پیار ہی دل توڑتا ہے

83- پیار میں تھکن نہیں ہوتی

84- پیار میں انسان اپنے ہوش و حواس کھو دیتا ہے

85- پیار میں جدائی سے دل کی تہہ کمزور ہو جاتی ہے

86- پیار میں جدائی سے انسان کا خون جلتا جاتا ہے

87- پیار میں جب جدائی ہوتی ہے تو انسان کا جسم اندر سے اس طرح ختم ہونا شروع ہو جاتا ہے جیسے کسی چیز کو دیمک ختم کر دیتی ہے

88- پیار میں محبوب کا چہرہ ہر وقت آنکھوں کے سامنے گردش کرتا ہے

89- پیار میں ہی محبوب کا جلوہ خواب میں نصیب ہوتا ہے

90- پیار میں انسان پاؤں تلے روند دیا جاتا ہے

91- پیار میں انسان مثل گرد ہو جاتا ہے

92- پیار میں انسان اپنی پہچان کھو دیتا ہے

93- پیار ہی عروج ہے

94- پیار ہی زوال ہے

95- پیار ہی نعمت ہے

96- پیار ہی اس نعمت کا حساب

91- پیار ہی مخلص ہے

92- پیار ہی دھوکہ ہے

93- پیار دیوانگی ہے

94- پیار آوارہ پن ہے

95- پیار ہی میں جھکنا ہے

96- پیار ہی میں کھڑے ہونا

97- پیار ہی ذکر ہے

98- پیار ہی فکر ہے

99- پیار ہی خوش قسمتی ہے

100- پیار ہی رحمت ہے

101-پیار میں ہی عزت ہے

102-پیار میں ہی ذلت و رسوائی

103-پیار میں بناوٹ نہیں

104-پیار میں مُلمّع نہیں

105-پیار سادگی پسند ہے

106-پیار دل کو لبھاتا ہے

107-پیار دل کو ستاتا ہے

108-پیار سہارا ہے

109-پیار ہمدردی ہے

110-پیار میں ہی نفع و نقصان ہے

111-پیار میں ہی جلال و جمال و کمال ہے

112-پیار میں انسان اپنی ذات سے بالاتر ہو کر سوچتا ہے

113-پیار رنگ نہیں دیکھتا

114-پیار میں نسل پرستی نہیں

115-پیار میں لسانی اختلاف نہیں

116-پیار قومیت وطن صوبائیت نہیں دیکھتا

117-پیار سیرت سے ہوتا ہے

118-پیار انداز سے ہوتا ہے

119-پیار اچھائی سے ہوتا ہے

120-پیار میں انسان کچھ بھی کر گزرتا ہے

121- پیار میں مستی ہے

122- پیار میں دل کا فیصلہ لیا جاتا ہے

123- پیار دماغ سے نہیں بلکہ دل سے کیا جاتا ہے

124- پیار شوقِ پروازہ ء

125- پیار ام الکتاب ہے

126- پیار اپنے سامنے کھڑی مشکلات نہیں دیکھتا

127- پیار کرنے والوں کو کبھی آگ پہ لٹایا جاتا ہے.

128- پیار کرنے والوں کو کبھی مارا جاتا ہے

129- پیار کرنے والوں کو کبھی رسوا کیا جاتا ہے

130- پیار کرنے والوں کا سر کبھی نیزے پہ چڑھایا

جاتا ہے

131-پیار میں کبھی تلواریں سینے کو چیر دیتی ہیں

132-پیار میں محبوب کی خاطر کبھی انسان پہاڑ بن کر میدان جہاد میں کھڑا ہوتا ہے

133-پیار میں کبھی سینکڑوں برس مغفرت کی دعا مانگی جاتی ہے

134-پیار میں کبھی سر سجدے میں کٹایا جاتا ہے

135-پیار میں کبھی وحی بھیج کر اپنے محبوب کو تسکین دی جاتی ہے

136-پیار میں کبھی فرشتے بھیج کر رائے پوچھی جاتی ہے

137-پیار میں کبھی رخ کعبہ بدلا جاتا ہے

138-پیار میں کبھی سورج کو واپس لوٹایا جاتا ہے

139-پیار میں کبھی دشت و صحرا میں جنگیں ہوتی ہیں

140-پیار میں کبھی دریا میں گھوڑے اتارے جاتے ہیں

131- پیار میں کبھی تلواریں سینے کو چیر دیتی ہیں

132- پیار میں محبوب کی خاطر کبھی انسان پہاڑ بن کر میدان جہاد میں کھڑا ہوتا ہے

133- پیار میں کبھی سینکڑوں برس مغفرت کی دعا مانگی جاتی ہے

134- پیار میں کبھی سر سجدے میں کٹایا جاتا ہے

135- پیار میں کبھی وحی بھیج کر اپنے محبوب کو تسکین دی جاتی ہے

136- پیار میں کبھی فرشتے بھیج کر رائے پوچھی جاتی ہے

137- پیار میں کبھی رخ کعبہ بدلا جاتا ہے

138- پیار میں کبھی سورج کو واپس لوٹایا جاتا ہے

139- پیار میں کبھی دشت و صحرا میں جنگیں ہوتی ہیں

140- پیار میں کبھی دریا میں گھوڑے اتار دیے جاتے ہیں

141- پیار میں کبھی کشتیاں جلائی جاتی ہیں

142- پیار میں کھڑے، محبوب سے باتیں کرنے میں کبھی
رات گزر جاتی ہے

143- پیار میں کبھی دل کی فریاد آسمان کے دروازے چیر کر
خدا تک پہنچتی ہے

144- پیار میں کبھی زندگی لوٹائی جاتی ہے

145- پیار میں کبھی محبوب کو پاس بلایا جاتا ہے.

146- پیار میں کبھی ذکر بلند کیا جاتا ہے

147- پیار میں کبھی مخلوق کو اس کے در پر لایا جاتا ہے

148- پیار میں کبھی تخت و تاج چھوڑ کر فقر اختیار کیا جاتا ہے

149- پیار میں کبھی صحرا میں کھڑے انسان مانند بت ہو جاتا
ہے

150- پیار میں کبھی پہاڑ کھودنے انسان کو بھیج دیا جاتا ہے

151- پیار میں کبھی تیر سینے میں اتارا جاتا ہے

152- پیار میں کبھی زہر بھی پلایا جاتا ہے.

153- پیار میں کبھی بھوک بیماری افلاس تنگ دستی
سے آزمایا جاتا ہے

154- پیار میں کبھی جاڑوں میں بلایا جاتا ہے.

155- پیار میں کوہ طور پر بھی جلوہ دکھایا جاتا ہے

156- پیار میں کبھی بچوں کو کھوایا جاتا ہے

157- پیار میں کبھی لاتحزن بھی کہلوایا جاتا ہے

158- پیار میں کبھی گھر بار چھڑایا جاتا ہے

159- پیار میں کبھی زلفوں کو ولیل کہا جاتا ہے

158- پیار میں رحمتِ دو عالم فرمایا جاتا ہے

159- پیار میں کبھی مدثر کہا جاتا ہے.

160- پیار میں کبھی مزمل کہا جاتا ہے.

161- پیار میں کبھی طٰہٰ کہا جاتا ہے

162- پیار میں کبھی سراجاً منیرا کہا جاتا ہے.

163- پیار میں کبھی شاھد بھی بنایا جاتا ہے

164- پیار میں کبھی یٰسین پکارا جاتا ہے

165- پیار میں کبھی بطحیٰ بھی پکارا جاتا ہے

166- پیار میں کبھی سہرا بھی سجایا جاتا ہے

167- پیار میں یثرب کو مدینہ بھی بنایا جاتا ہے

168- پیار میں کبھی میثاق کا عہد بھی لیا جاتا ہے

169- پیار میں کبھی سُولی پہ چڑھایا جاتا ہے

170- پیار میں کبھی مجنوں بھی بنایا جاتا ہے

171- پیار میں پتے بھی کھلائے جاتے ہیں

172- پیار میں اپنے بھی چھڑائے جاتے ہیں.

173- پیار میں سینے پر خنجر بھی وار کرتا ہے

174- پیار میں شوخ سیرت نہیں رہتی

175- پیار میں بندے کو آسماں پہ بھی اٹھایا جاتا ہے

176- پیار میں جگنو بھی رستہ دکھائے

177- پیار میں بلبل کو بھی تڑپایا جاتا ہے.

178- پیار میں پروانے کبھی جل کر خاک ہوتے ہیں

179- پیار میں موت بھی حیات ہے

180- پیار انسان کی نجات ہے.

181- پیار میں حسن بھی بکوایا جاتا ہے

182- پیار میں حیات کو ایثار بھی کرایا جاتا ہے

183- پیار میں دیوار میں بھی چنوایا جاتا ہے

184- پیار میں کیڑوں سے بھی جسم کھلوایا جاتا ہے

185- پیار میں پاؤں میں کبھی چلتے ہوئے خوار ہوتے

186- پیار میں نگاہیں رو رو کر بینائی کھو دیتی

187- پیار میں منتظر دل و نگاہ رہے ہر پل

188- پیار سے قائم ہے اب تک زندگی کا تسلسل

189- پیار سے قائم ہے خودی انساں کی

190- پیار سے ہوتی ہے خلق خدا حیراں بھی

191- پیار دیوانہ پن جذبِ مستیِ شوق

192- پیار میں کبھی نازل قرآں ہوتا ہے

193- پیار میں کبھی کوئی شام و سحر روتا ہے

194- پیار ہر ذرہ کائنات میں سمایا ہوا

195- پیار کے نام ہیں عشق و محبت و وفا و الفت و درد..

196- پیار کے کام ہیں دل لگی و دیوانگی, فراق و
تنہائی, ہجر و وصال..

197- پیار میں جام آنکھوں سے پیا کرتے ہیں

198- پیار کے غم میں لبوں کو سِیا کرتے ہیں

199- پیار ہی حسن ہے اخلاق ہے چاہت ہے

200- پیار کی ہر اک کو زندگی میں ضرورت ہے

201- پیار الفاظ کی بندش سے ہے آزاد

202- پیار میں دل ہی دل کی سنتا ہے فریاد

203- پیار ہی سوز جگر دیتا ہے

204- پیار ہی سوز نفس دیتا ہے

205- پیار قیمتی ہے سونے سے

206- پیار قیمتی ہے چاندی سے

207- پیار قیمتی ہے جواہر سے

208- پیار قیمتی ہے مال و دولت سے

209- پیار قیمتی ہے جان سے

210- پیار ایک انمول تحفہ ہے

211- پیار میں رنگ و بو ہے

212- پیار میں ہی آگہی ہے

213- پیار میں فنا ہے

214- پیار کے مقامات سب سے بلند ہیں

215- پیار کے درجات سب سے بلند ہیں

216- پیار میں ادنیٰ بھی اعلیٰ ہے

217- پیار میں کڑواہٹ بھی مٹھاس ہے

218- پیار میں ہی نرمی ہے

219- پیار میں ہی سختی ہے

220- پیار میں عرض و سما سمائے ہوئے ہیں

221- پیار میں ہی تجلی ہے

222- پیار ہی باعث تقویم انسان ہے

223- پیار اک خواب ہے

224- پیار ہی تعبیر ہے

225- پیار ہی عکس ہے

226- پیار ہی تصویر ہے

227- پیار میں سجود ہیں

228- پیار میں قیام ہے

229- پیار میں شہادت ہے

230- پیار میں ہی عبادت ہے

231- پیار کی تحریر آنسو سے لکھی جاتی ہے

232- پیار میں شکوہ و شکایت ہوتے ہیں

233- پیار سے آنگن خوشیوں سے بھر جاتا ہے

234- پیار میں خزاں بھی بہار جیسی لگتی ہے

235- پیار میں کانٹے بھی پھولوں جیسے لگتے ہیں

236- پیار کے سفر میں ٹھہراؤ نہیں

237- پیار کا اپنا ہی نشیمن ہے

238- پیار سے پتھر دل بھی نرم ہو جائے

239- پیار میں کاملیت ہے

240- پیار میں جذبیت ہے

241- پیار سے ہی ہوتی زیست پر مسرت ہے

242- پیار سچا ہو تو دنیا میں ہی جنت کے جیسا لطف ہے

243- پیار انسان کی روح کو مضبوط بنا تا ہے

244- پیار سے دل نرم ہو جاتا ہے اور نفرتیں ختم ہو جاتیں ہیں اور ایک سکون کی کیفیت محسوس ہوتی ہے. جس سے دل کو تقویت ملتی ہے..

245- پیار میں قسمیں اٹھوائی جاتی ہیں

246- پیار میں عہد بھی پختہ کیے جاتے ہیں

247- پیار میں غوث ہوئے, قطب وابدال ہوئے

248- پیار میں سبھی ایسے ہیں بے مثال ہوئے

249- پیار رگ رگ میں محشر برپا کر دے

250- پیار انساں کو بندے سے داتا کر دے

مجھ سے عامر پیار تیرا باوفا ہے یا نہیں
ہاں مگر میرا یہ دل ہے تیری ہی پہچان کا